© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

○ ہم سے بڑا بدمعاش کوئی نہیں (ولی خان)

زندگی میں پہلی مرتبہ سچ بولا ہے۔

○ پولیس کے 80 ملازمین کرپشن میں ملوث ہیں (ڈی آئی جی۔ راولپنڈی)

یہ محکمہ ختم کر دیں۔ جرائم ختم ہو جائیں گے

○ کویت کی طرف سے 25 کروڑ ڈالر امداد پاکستان کو مل گئی۔ (ایک خبر)

مانگنے والا گدا ہے صدقہ مانگے یا خراج

کوئی مانے یا نہ مانے میر و سلطان سب گدا!

○ عورت کی گواہی آدھی ہے تو ان کا کلمہ بھی آدھا ہونا چاہیے۔ (ولی خان)

آدھے خان..... یہ قرآن کا فیصلہ ہے زبان بند کرو

○ حکومت غربت ختم کر کے رہے گی۔

فی الحال تو غریبوں کو ختم کر رہی ہے۔

○ قید کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف اور کمر پر سرطان ہو گیا ہے۔ (آصف زرداری)

اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں

○ قومی اسمبلی میں میراثیوں کا ٹولہ جمع ہے۔ (عمران خان)

بچے جیندے رہن۔ بھاگ لگے رہن!

○ بے نظیر سندھ کارڈ اور نواز شریف پنجابی کارڈ استعمال کر رہے ہیں۔ (جمال لغاری)

اور فاروق لغاری کا کارڈ پھٹا ہوا ہے

○ افغانستان میں ہمارے سفارت کاروں کو کچھ ہوا تو ذمہ دار آپ ہوں گے۔ (پاکستان کو ایران کی دھمکی

اسے کہتے ہیں ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ!

○ پولیس کا کام صرف تشدد کرنا رہ گیا ہے۔ (ریاض بٹالوی)

اللہ اس کالی آندھی سے نجات دلائے

○ اب ملک صرف میں بچا سکتی ہوں۔ (بے نظیر)

آدھا "پاپا" نے توڑا، آدھا "پنکی" توڑے گی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- میاں اور بی بی بھائی بہن ہیں ۔لڑائی ڈرامہ ہے (عمران خان )

آپ کیا ہیں ؟

- نواز شریف کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے (بے نظیر )

میں چھج پتا سے ونڈاں اج قیدی کر لیا ماہی نوں !

- دروازہ نہ کھڑکی ۔کھٹارہ بسوں کو فٹنس سرٹیفکیٹ مل گئے (ایک خبر )

نہ انجن کی خوبی نہ کمالِ ڈرائیور

چلی جا رہی ہے خدا کے سہارے

- فیصل آباد پولیس کا چھاپہ ، سوا کلو ہیروئن بر آمد ، ملزم فرار (ایک خبر )

بے گناہوں کو ملزم بنانے کے کام آئے گی

- بے نظیر کا فضل الرحمن سے رابطہ ۔(ایک خبر )

وہ وعدے ہم تمہارے تم ہمارے یاد آتے ہیں

- دن رات محنت کی مگر 640 نمبر آئے ( نواز شریف )

موجودہ امتحان میں اتنی بھی امید نہیں ۔

- ہمارا اسلام کا تصور وحشیانہ اور رجعت پسندانہ نہیں اور نہ ہی طالبان کی طرح اسلام کا نفاذ چاہتے ہیں (طاہر القادری )

بی بی سے کی گئی اندرون خانہ کی باتیں

- آئندہ ماہ حکومت ختم ہو جائے گی ۔(زرداری )

بلی نُوں چھچھڑیاں دے خواب !

- والد کی طرح پاکستان کے لئے جان قربان کر دوں گی ( بے نظیر )

اللہ کرے ایسا ہی ہو

- بے نظیر کا دھرنا ولی خان کی ریلی (ایک خبر )

یہ سرخی اس طرح ہونی چاہیے.......... تھی ولی خان کا دھرنا بے نظیر کی ریلی

- نواز شریف اور بے نظیر نے ایک دوسرے کے مقابلے میں ملک لوٹا (فاروق لغاری )

اور آپ دونوں سے حصہ بٹورتے رہے

- ایران میں پاکستانی سفارت خانے پر پتھراؤ (ایک خبر )

ڈگا کھوتی توں تے غصہ کمہار تے !

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ امریکہ کا سوڈان اور افغانستان پر میزائلوں سے حملہ (ایک خبر)
پاگل کتے کی طرح باؤلا ہو گیا ہے

○ میں صدر ہوتا تو موجودہ حالات میں اسمبلی توڑ دیتا (فاروق لغاری)
حکومت اس کام کے لئے لغاری کو ملازم رکھ لے

بقیہ از ص ۵۷

تشہیر کی، لوگوں سے پیشگی رقوم لیں مگر کتاب کی پانچ جلدیں لکھ کر تمام رقوم ہضم کر گئے۔ پانچ جلدوں اکتفا کرنے کی یہ مضحکہ خیز وجہ بیان کی کہ پہلے پچاس حصہ لکھنے کا ارادہ تھا مگر پچاس سے پانچ پر اکتفا کیا گیا اور چونکہ پچاس اور پانچ کے عدد میں صرف ایک نقطہ کا فرق ہے اس لئے پانچ حصوں سے وہ وعدہ پورا ہو گیا۔
(براہین احمدیہ حصہ پنجم ص ۷ رخ جلد ۲۱ ص ۹)

## حواشی

۱۔ مرزا کی دوسری بیوی نصرت جہاں بیگم مراد ہے۔
۲۔ مرزا نے پہلی بیوی حرمت بی بی کے ۳۳ سال تک نہ حقوق ادا کئے نہ ہی طلاق دی معلق کئے رکھا۔
۳۔ مرزا احمد بیگ زمین کا کچھ رقبہ اپنے نام کرانا چاہتا تھا۔ کاغذات کی تکمیل کے لئے مرزا کے دستخط ضروری تھے مگر مرزا نے دستخط کرنے کے عوض اس سے اس کی لڑکی کا رشتہ مانگا جس سے اس نے انکار کر دیا تھا۔

بقیہ از ص ۵۲

ناچے گا، آدمی ناچے گا، آدمیہ بھی ناچے گی۔ کیوں نہ ناچے جبکہ اس کے حقوق آدمی کے برابر ہیں۔ سیاست باز جھومے گا۔ زمین گھومے گی۔ سندھ بلوچستان، سرحد، پنجابی امپیریلزم کے بخیئے ادھیڑ دے گا۔ تین صوبے ایک صوبے پر چڑھ دوڑیں گے۔ اپنے حقوق چھین لیں گے ڈیم نہیں بنیں گے دریاؤں میں پانی پنجاب میں نہیں آنے دیا جائے گا۔ بارشیں نہیں ہوں گی، ہم نہیں ہوں گے، پانچ لاکھ ایکٹر سے لیکر ساڑھے تین ہزار ایکٹر کے مالک غرباء ہوں گے، اسمبلی ہو گی، سینٹ ہو گا، وفاقی "شرعی" کورٹ ہو گا "کوٹ پہ کوٹ" ہو گا۔ غربت دور ہو جائے گی؟ مہنگائی ختم ہو جائیگی؟ عمر بن عبدالعزیز ابن مروان یا اورنگزیب عالمگیر کا دور آجائے گا یا "!باغ کے آٹھوں دروازے کھل جائیں گے اور سرکاری اعلان عام ہو گا ........ جس دروازے سے چاہو "جھنت" میں داخل ہو جاؤ

بولو کیا چاہتے ہو پاکستان یا "جھنت"

© rasailojaraid.com